مرتبہ و مترجمہ

ڈاکٹر ایم حفیظ سید
ایم اے پی ایچ ڈی ڈی لٹ
(الہ آباد)

سلسلۂ مطبوعات ادارۂ ادبیات اردو شمارہ ۲۰۶

گولکنڈہ کے مشہور عالم اور صاحب طریقت حضرت شاہ نعیم الدین نعمت اللہ ولی کی نادر فارسی مثنوی جس کا اردو ترجمہ اور حالات زندگی کے ساتھ

مشہور عالم اور محقق ڈاکٹر ایم حفیظ سید ایم اے۔ پی ایچ ڈی۔ ڈی لٹ (الہ آباد)

نے مرتب کیا

(مطبوعہ)

دارالطباعت

قیمت ــــــــــــــــــــ ایک روپیہ

ملنے کا پتہ

سب رس کتاب گھر

خیرت آباد۔ حیدرآباد دکن

فہرست مندرجات

دیباچہ

ڈاکٹر حفیظ سید اردو کے ایک دیرینہ خدمت گذار ہیں۔ انھوں نے نہ صرف اردو کے قدیم ادبی شہ پاروں منظومات برہان الدین جانم بیجاپوری اور کلیات بحری وغیرہ پر تحقیقی کام کیا اور ان کو مرتب کرکے شائع کرایا بلکہ اردو کی جدید ترین مطبوعات پر بھی متعدد تحقیقی اور تنقیدی مضامین لکھے اور لکھتے رہتے ہیں۔

اردو کے علاوہ ہندی، انگریزی اور فرانسیسی زبانوں میں بھی لکھتے ہیں اور ہر زبان کی تحریر میں ادبیانہ شان نمایاں رہتی ہے۔ ادب اور زبان کے ساتھ ساتھ ان کو روحانیت، تصوف، فن تعلیم اور نیز ہندو ویدانت اور ہندی فلسفہ سے بھی خاص شغف رہا ہے اور ان موضوعوں سے متعلق سیکڑوں مضامین انگریزی، ہندی اور اردو میں قلمبند کئے جو بلندپایہ رسائل میں شائع ہوئے اور کتابی صورت میں بھی چھپے۔ ہندوستان کے مسلمان عالموں اور محققوں میں ہندو فلسفہ اور ویدانت سے متعلق اپنی مہارت اور تالیفات کے باعث ان کو ایک انفرادی حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔ اس میدان میں ان کا ہمسر تو کجا ان کا پیرو بھی نظر نہیں آتا۔

وہ عرصہ تک الہ آباد یونیورسٹی میں اردو کے استاد رہے اور متعدد جامعات کے اعلیٰ امتحانوں کی ممتحنی کے فرائض تو اب تک انجام دیتے ہیں۔ تصنیف و تالیف اور تحقیق و تنقید کا مشغلہ اب تک جاری ہے اور اس سلسلہ میں نوجوانوں سے زیادہ شغف اور توجہ سے کام لیتے ہیں۔ چنانچہ گنج طلسم کی ترتیب اور ترجمہ اس کا ایک جدید ثبوت ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے اپنی علمی لگن میں بہت سی قلمی کتب اور مطبوعہ نوادر بھی جمع کئے جن میں سے اب اکثر دار المصنفین اعظم گڈھ اور کچھ ادارہ ادبیات اردو کے نذر کر دی ہیں اور اپنی وصیت میں بھی ان دونوں کے لئے رقمیں مختص کی ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کی خواہش پر مصنف گنج طلسم کی نسبت جو معلومات میں نے فراہم کردی تھیں ان میں آئندہ اور اضافہ ہونے کی توقع ہے۔ چنانچہ شاہ نعمت اللہ کے موجودہ سجادہ نشین شاہ ولی اللہ سے اب تک کچھ اور حالات معلوم ہوئے۔ ان کے خاندان کے کاغذات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ خاندان ابوالحسن تانا شاہ کے عہد تک بھی دکن میں معزز و مفتخر سمجھا جاتا تھا۔

شاہ نعمت اللہ کے فرزند شاہ خلیل اللہ بھی اپنے عہد کے صاحب باطن اور فیض رساں بزرگ تھے اور ان کی درگاہ بھی گولکنڈہ ہی میں شاہ نعمت اللہ کی درگاہ سے کچھ فاصلہ پر واقع ہے اور اس کا بھی علیحدہ عرس ہوتا ہے۔

سلطان عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں جب کہ گولکنڈہ کی آبادی میں کمی ہو چکی تھی اور شہر حیدرآباد اپنے عروج پر تھا شاہ خلیل اللہ کے نبیرہ ولی اللہ بن سیف اللہ کو ۸۰ بیگھے زمین اور قلعہ گولکنڈہ کے اندر بیرن باولی، شکر باولی اور نیم باولی اور باغ بیر بطور انعام دیا گیا تھا جس کی سند سید مرتضیٰ کی مہر سے ۱۰۷۶ھ میں جاری ہوئی تھی۔

بعد کو ابوالحسن تانا شاہ کے عہد میں ولی اللہ کے فرزند حبیب اللہ کثیر الاولاد تھے اور اضافہ یومیہ کے لئے درخواست دی تھی تو ابوالحسن نے قدیم جاری شدہ یومیہ کے علاوہ مزید سات روپیہ یومیہ یعنی ۲۱۰ ہاشہ ان کے نام جاری کئے۔ یہ فرمان زوال گولکنڈہ کے صرف سات آٹھ سال قبل مادنا دیوان کے دستخط سے ۱۰۹۲ھ میں جاری ہوا تھا اور اس پر مادنا کے القاب اس طرح درج ہیں:۔

"مقرب الحضرت معتمد الدولت شاہنشاہی مادو ولد بھانجی مجموعہ دار شاہی"

اس فرمان کے وجود سے ان الزامات کی تردید ہوتی ہے جو اورنگ زیب نے گولکنڈہ پر قبضہ کرنے کے سلسلہ میں تانا شاہ پر لگائے تھے یعنی یہ کہ اس نے ادھو رتار دار کو مختار کل بنا دیا ہے جو سادات کو ذلیل کر رہا ہے۔

اس فرمان سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ خود مادنا نے اپنے دستخط سے ایک سید کے یومیہ میں ۷ روپیہ فی یوم کا اضافہ کیا تھا۔ اس فرمان پر ایک اور مشہور شخص کی بھی مہر ہے جو زوال گولکنڈہ کے وقت معرکہ میں حصہ لے چکا تھا اور آخر وقت میں تانا شاہ کو چھوڑ کر اورنگ زیب سے جا ملا تھا۔ اس شخص کے نام کے ساتھ القاب اس طرح درج ہیں:۔

"ابراہیم سپہ سالار فوج و داروغہ خزانہ سلطنت"

شاہ ولی اللہ صاحب کے کاغذات میں ایک سند ۱۱۵۶ھ کی ہے جس پر صندل خاں قلعہ دار گولکنڈہ کی مہر ثبت ہے۔ اس سے گولکنڈہ کے مورخوں کو آئندہ اپنی تحقیق میں مدد مل سکتی ہے اور زوال کے بعد اس قلعہ پر جو گزری اور جو قلعہ دار یکے بعد دیگرے مقرر ہوئے اس سلسلہ کی ایک کڑی ہاتھ آتی ہے۔ قلعہ داروں کا یہ سلسلہ آصفی سلاطین کے عہد میں بھی جاری رہا۔ چنانچہ اس کے آخری قلعہ دار عمر دراز خاں ولد گیسو دراز خاں نے ابھی گذشتہ ماہ (جون ۱۹۵۵ء) میں وفات پائی۔ اگرچہ ۱۹۴۸ء کے پولیس ایکشن اور جمہوریہ ہند میں حیدرآباد کے انضمام کے بعد ان کی قلعہ داری برائے نام رہ گئی تھی اور اب ان سے اجازت حاصل کئے بغیر ہر شخص قلعہ گولکنڈہ کی سیر کر سکتا تھا۔ لیکن اس قلعہ داری کی خدمت سے متعلق یومیہ اور منصب کی روایتیں ان پر آخر وقت تک بحال رہیں۔

ڈاکٹر حفیظ سید اہل دکن کے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے گولکنڈہ کے ایک ایسے بزرگ کی یہ مثنوی مرتب کی جن کے سلسلہ میں اس قدیم قلعہ اور اس کے حاکموں کی نسبت کچھ نئی معلومات منظر عام پر آسکیں۔

ڈاکٹر ایم حفیظ سیّد

انشاء:- رشید قریشی (ایم اے)

میرے پہلے عریضے کے جواب میں صاحب موصوف نے لکھا "مجھے افسوس ہے کہ میرے یہاں اپنی کوئی تصویر موجود نہیں اور نہ فی الحال تصویر کھنچوانے کا ارادہ ہے۔ میرے حالات نہایت مختصر ہیں۔ میں چودہ برس سے الہ آباد یونیورسٹی میں اردو بی اے اور ایم اے کی جماعتوں کو پڑھاتا ہوں۔ اس اختصار نے مجھے مایوس سا کر دیا اس صورت میں آپ کے مفصل حالات زندگی اور کام سے اردو دنیا کو متعارف کراتا میرے بس کی بات نہ تھی۔ جانتا تھا کہ صاحب موصوف "گم نامی کی زندگی کو شہرت اور ناموری پر ترجیح دیتے ہیں۔ لیکن دوسری دفعہ پھر اسی سلسلہ میں یاد دہانی کی۔ بارے جواب خط کے ساتھ تصویر بھی وصول ہوئی۔ حالات اور کام "کافی" کے بجائے صرف "مختصر" رہ گئے جس کے لئے میں آپ کا مشکور ہوں۔

آپ کے والد کا نام نظر حسن اور وطن ضلع غازی پور ہے۔ ضلع کے زمینداروں میں ان کا شمار تھا۔ شعر و سخن کا اچھا ذوق رکھتے تھے خود بھی ایک "خوب کہنے والے" شاعر تھے۔ نظر تخلص کرتے تھے۔ ایک مثنوی "جلوۂ طور" انھوں نے اپنی یادگار چھوڑی ہے۔

آپ کی ابتدائی تعلیم مکتب میں ہوئی۔ انگریزی تعلیم دیر میں شروع کی لکھنؤ اور الہ آباد کے اسکولوں اور کالجوں میں بی اے کی تعلیم پائی۔ بی اے کی ڈگری لینے کے بعد آپ نے الہ آباد ٹریننگ کالج سے ال ٹی کی ڈگری حاصل کی۔ اس کے بعد آپ نے ملازمت اختیار کر لی۔ دس سال تک مختلف مدارس اور کالجوں میں ہیڈ ماسٹر اور پرنسپل رہے۔ ۱۹۲۵ء سے الہ آباد یونیورسٹی میں اردو کی لکچراری پر مامور ہیں۔ ۱۹۳۲ء میں آپ نے لندن یونیورسٹی سے پی۔ ایچ ڈی اور ۱۹۳۳ء میں ڈی لٹ کی ڈگری جامعہ ایل لئے سے حاصل کی۔

آپ نے حصول تعلیم اور تحقیقاتی کام کے لئے بہت دور دراز سفر کئے۔ ڈی لٹ کی ڈگری فرانس کی ایک قدیم یونیورسٹی "ایل لئے" سے حاصل کی۔ آپ کو فلسفہ و تصوف سے بھی گہری دلچسپی ہے۔ درس و تدریس میں آپ کا تجربہ بہت بڑھا ہوا ہے۔ لندن سے کیمبرس ڈپلوما حاصل کیا۔ الہ آباد کے ال ٹی ہیں اور عمر کا بیشتر حصہ محکمہ تعلیمات کی خدمت میں صرف کر چکے ہیں۔

آپ کی ادبی کاوشیں، مقالوں، مضمونوں اور کتابوں کی صورت میں منظر عام پر آ چکی ہیں۔ آپ نے صرف اردو ہی میں نہیں بلکہ انگریزی میں بھی اپنے علمی شغف اور تبحر کا ثبوت دیا ہے۔ آپ کی حسب ذیل کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔

سکھ سہیلا از برہان الدین شاہ جانم۔

منفعت الایمان از برہان الدین شاہ جانم۔

قاضی محمود بحری۔ یہ کتاب (A mystic poet of 12th Century) کے عنوان سے مستقل طور پر انگریزی

میں بھی لکھی گئی ہے۔

کلیاتِ قاضی محمود بحری مع مقدمہ تشریح اور فرہنگ۔ یہ ڈاکٹر صاحب کا نہایت معرکۃ الآرا اور اہم کارنامہ ہے جس میں دکنی سلطنتوں کے آخری دور کے شاعر بحری کے کلام کو بڑی تحقیق کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ یہ کام ہر شخص نہیں کر سکتا کیونکہ قدیم اردو کے قلمی نسخوں کو پڑھنا اور متروک الفاظ کو سمجھنا بڑے بڑے عالموں کے لئے بھی مشکل ہے۔ اس کلیات کی اشاعت نے ڈاکٹر سید صاحب کو اردو کے بلند پایہ محققوں کی صف میں ممتاز جگہ دی ہے۔

"دکن کی اردو شاعری" (یہ مضمون کتابی صورت میں چھپا تھا) "بنگالی شعرائے اردو"، "یورپین شعرائے اردو" (زیرِ طبع) "غالب کے کلام کا مطالعہ" (الہ آباد یونیورسٹی میگزین)

اسی طرح حالی، شبلی، محمد حسین آزاد، دیوانِ جہاں وغیرہ پر آپ کے مضامین شائع ہوئے۔ انگریزی میں آپ نے ایک کتاب "آئیڈیا میٹرز ان انڈین ایجوکیشن" (ہندوستانی تعلیمی مسائل) شائع کی ہے۔

آپ کئی انجمنوں کے معتمد اور ممبر ہیں۔ کئی کمیٹیوں کے سرگرم کارکن اور مختلف "Boards" آف اسٹڈیز کے ممبر بھی ہیں۔ الہ آباد، آگرہ اور یو۔پی کی اکثر کمیٹیوں کے مشیر اور ممبر ہیں۔ اپنے ذاتی تجربہ کی بنا پر آپ کا شمار شمالی ہند کے سربرآوردہ ماہرینِ تعلیم میں ہو سکتا ہے۔ آپ نے ہندوستان اور دیگر مقامات کا سفر کیا۔ صوبجات بمبئی، متوسط اور یو۔پی کے مختلف مدارس کا معائنہ کیا اور وہاں کے اصولِ تعلیم کے متعلق معلومات حاصل کیں۔ اردو زبان اور ادب کے علاوہ فلسفہ اور فنِ تعلیم پر بھی آپ کے بیچیوں مضامین اکثر انگریزی اردو رسائل میں شائع ہو کر مقبولیت حاصل کر چکے ہیں۔ آپ کی ذات اردو اور سررشتۂ تعلیم کے لئے بے حد غنیمت ہے۔

صاحبِ موصوف کی تصنیفات اور مضامین اردو زبان کی اہم ضرورتوں کو پورا کرتی ہیں۔ مشاہیر اردو و ادب جن کے جواہر پاروں کو صرف سطحی نظروں سے جانچا جاتا تھا، آپ نے ایک ایسے انداز میں روشناس کرایا ہے جس سے ان کی عظمتوں پر ہر پہلو سے روشنی پڑتی ہے اور وہ منور گوشے جن پر کور ذوقی نے پردے ڈال رکھے تھے روشن نظر آتے ہیں۔ آپ نے شاہ برہان الدین جانم، قاضی محمود بحری، محمد حسین آزاد، شبلی، حالی، غالب اور دوسرے شعرا اور مصنفین کا جس غائر نظری سے مطالعہ کیا ہے اور اس کے بعد جس انداز سے ان پر اپنے خیالات اور ان کے محاسن کو پیش کیا ہے اس سے آپ کی تنقیدی صلاحیتوں اور قوتِ اخذ و تحقیق کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ دکن سے بھی آپ کو خاص دلچسپی ہے۔ شمالی ہند میں دکن کے قدیم شاعروں کو روشناس کرانے کا بیڑا اٹھایا ہے۔ قدیم زبان کو سمجھنا اور اس پر کام کرنا ہر ایک کے بس کی بات نہیں ہے۔

(ماخوذ از سب رس اردو نمبر بابتہ فروری ۱۹۴۲ء)

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی

آپ سید جلال الدین بن امیر نظام الدین احمد کے فرزند ارجمند تھے۔ سلطان ابراہیم قطب شاہ (۹۵۷ھ - ۹۸۸ھ) کے عہد میں گولکنڈہ آئے۔ سلطان ابراہیم علماء اور فقراء کا قدر داں اور ان کا معتقد تھا۔ اس کے عہد میں گولکنڈہ میں سلسلۂ قادریہ کے متعدد بزرگ تشریف لائے تھے جن میں شاہ میراں حموی بغدادی اور شاہ لطیف محی الدین قادری بڑے پایہ کے بزرگ گذرے ہیں۔ شاہ میراں حموی کو سلطان ابراہیم قطب شاہ نے اپنی ایک لڑکی بیاہ دی تھی۔

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی بھی بادشاہ کی قدر دانی سے سرفراز ہوئے اور گولکنڈہ میں قلعہ کی مشرق جانب ایک عالیشان دو منزلہ خانقاہ تعمیر کرائی جس کے دروازے پر کتبہ تھے جو اب بھی شکستہ حالت میں موجود ہیں۔ یہ خانقاہ اور اس کے اطراف کا احاطہ اور باولی جس کے متصل حجرے ہیں حضرت شاہ صاحب اعتکاف فرمایا کرتے تھے خاص اہتمام سے تعمیر کرائے گئے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کا دنیاوی جاہ و جلال بھی بہت زیادہ تھا۔ گمان غالب ہے کہ آپ سے بھی سلطان ابراہیم قطب شاہ کی کوئی شہزادی منسوب ہو۔[1] کیونکہ درگاہ کے پہلو میں ایک قبر بغیر کسی کتبہ کے موجود ہے اور اس کی وضع قطع بالکل ویسی ہی ہے جیسی سلطان کی اس شہزادی کی قبر کی ہے جو حضرت شاہ میراں حموی بغدادی سے منسوب تھی۔ یہ قبر ان کی درگاہ میں موجود ہے۔

حضرت شاہ صاحب کی اولاد میں سے ایک صاحب سید ولی اللہ حسینی حیدرآباد میں دروازہ دبیر پورہ کے باہر یاکے علم کے قریب قیام پذیر ہیں۔

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی کا اصلی نام نعیم الدین تھا جو آپ کے مزار کے سرہانے پتھر پر کندہ ہے۔[2] آپ صحیح النسب سید تھے۔ آپ کا نسبی سلسلہ حضرت حسن مثنیٰ ابن حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر منتہی ہوتا ہے۔ آپ کے اجداد میں جلال الدین امیر نظام الدین اور سید شہاب الدین نام کے کئی بزرگ گذرے ہیں۔

---

[1] سلسلۂ چشتیہ کے بھی کئی بزرگ اس دور میں گولکنڈہ آئے جن میں حضرت خواجہ سید بندہ نوازؒ کے نواسے حسینی شاہ ولی بہت مشہور ہیں اور سلطان ابراہیم قطب شاہ نے اپنی ایک لڑکی ان کو بھی بیاہ دی تھی۔ سلطان ابراہیم قطب شاہ کی ایک ملکہ بھی بیدر کے حضرت سید لنگانی بادشاہ قادری کے خاندان کی دختر تھیں۔ اس ملکہ سے جو شہزادہ پیدا ہوا اس کا نام شاہ عبدالقادر رکھا گیا تھا لیکن سیاست کے داؤں پیچ کی وجہ سے سلطان ابراہیم قطب شاہ کے بعد تخت نشین نہ ہو سکا۔ اور اپنے چھوٹے بھائی محمد قلی قطب شاہ کے عہد میں بیدر کے علماء مشائخین اور امراء کی تائید سے تخت سلطنت پر قبضہ کرنا چاہا لیکن ناکام رہا۔

[2] حضرت شاہ صاحب کے لوح مزار پر "الحکم للہ تعالیٰ" کندہ ہے۔ یہ عبارت عام طور سے گولکنڈہ کے شاہی مزاروں پر پائی جاتی ہے۔ اس سے بھی سلطان ابراہیم قطب شاہ سے رشتہ داری کی تائید ہوتی ہے۔

درگاہ ایک مرتفع چبوترے پر واقع ہے جو مصفا سنگ خارا کا ہے۔ مزار پر سنگ موسیٰ کا حاشیہ بھی ہے اور اچھے عمدہ خط میں آیت الکرسی کندہ ہے۔ سرہانے کے لوح مزار کی جانب چہاردہ آئمہ معصومین کا درود شریف اور دوسری طرف حضرت شاہ صاحب کی تاریخ وفات اور پورا شجرہ نسب درج ہے۔

مزار کے سرہانے مصفا سنگ موسیٰ کا ایک مینارہ نما چراغدان بھی ہے اور اس چبوترے پر دو اور قبریں بغیر کسی کتبے کے موجود ہیں۔ چبوترے کے سرہانے اس سے بالکل ملحق وہ باولی ہے جس کے کمرے میں حضرت شاہ صاحب اعتکاف عبادت و ریاضت اور تصنیف و تالیف میں مصروف رہتے تھے۔ مزار شریف کے پائیں ایک قدیم آہنی دروازہ ہے اس کی تعمیر کو آج پورے پونے چار سو سال گذر چکے ہیں لیکن رونق و سہانا پن اب تک ویسا ہی قائم ہے۔ حضرت کا عرس ہر سال ۷ جمادی الثانی کو بڑی دھوم سے ہوتا ہے۔

حضرت نے محمد قلی قطب شاہ (۹۸۸ھ - ۱۰۲۰ھ) کے عہد حکومت میں ۷ رجمادی الثانی ۱۰۱۱ھ کو وفات پائی۔ مزار کا کتبہ درج ذیل ہے۔

"در سابع جمادی الثانی ۱۰۱۱ھ از عالم فنا بہ دار البقا رحلت فرمود۔ سید نعیم الدین نعمت اللہ بن جلال الدین بن امیر نظام الدین احمد بن جلال الدین بن امیر زین الدین بن نظام الدین احمد بن شاہ میر بن تاج الدین بن شہاب الدین حسن۔"

حضرت کی وفات کے بعد گولکنڈہ اجڑ گیا۔ وہاں کی ساری رونق اور آبادی حیدرآباد میں منتقل ہو گئی کیونکہ حیدرآباد کی تعمیر ۱۰۰۰ھ ہی میں سلطان محمد قلی قطب شاہ نے شروع کی تھی اور اہل گولکنڈہ کو حکم دیا تھا کہ اس نئے شہر میں آباد ہو جائیں۔

زیر نظر مختصر قلمی مثنوی تین سو چار (۳۰۴) اشعار کی حامل ہے۔ جس میں سے دو سو چھیاسی (۲۸۶) اشعار تین کے ہیں اور مندرجہ ذیل اٹھارہ شعر ایسے ہیں کہ ان میں کا ہر ایک مصرع مستقل عنوان ہے جس کے تحت میں باقی اشعار ہیں جو حد درجہ جاذب اور ان میں ایک قسم کی کشش موجود ہے۔ ملاحظہ ہوں۔

گنج گہر ثنائے سبحان	اقلیم سخن بہ طوطیٔ جان	نو بادۂ گلشن نصیحت	آوازۂ بلبل محبت
بینائی چشم نعت احمدؐ	[illegible] دل تاریخ محمدؐ	تعلیم نگار نقش صیاد	تعویذ فسون مار بیداد
طرازی نقش جلت آئین	ارشاد دل حقیقت آئین	معراج بہ لامکان عرفان	خاصیت کیمیائے احساں
تسبیح و ترانۂ ذکر و اخلاص	بیت المعمور خلوت خاص	خورشیدی عاشقاں تمامی	سرمایہ فیض اسم ساقی
فیروزی طالع خداداد	بنیاد مقام تربیت آباد	سرگرمی جام ہوش پرداز	دوران شراب ساقی راز
قطب تمکین و قطب دوراں	آوازۂ نام نیکمرداں	فیض مردان ہفت اقلیم	فرمان ملوک ملک تسلیم
ہشیاری والہائے شیدا	شیدائی محو ذات والا	وصف کرم و کرامت قطب	شرح برکات محبت قطب
خورشید حضور قطب عالم	آئینہ صدق (فخر) آدم	ظلمت گاہ بیرون پرستاں	صفو تکدۂ درون مستاں
بیت اللہ مجمع کرامات	بسم اللہ نامۂ مناجات	حضرات کعبۂ سلامت	محراب دعائے استقامت

جذب اور کشش کا یہی عالم پوری مثنوی کا ہے۔ یہ مثنوی تصوف کی جان ہے جس میں خصوصیت سے نفس کشی کی تعلیم دی گئی ہے۔ ابتدا میں اللہ تعالیٰ کی حمد، پھر نعت شریف اور مدح اصحاب کرام، معراج شریف کا ذکر، نصائح ضروریہ اور نفس سرکش سے بچنے کی تدبیریں، اس کی تیز پائی اور طراری کا حال، ہر جگہ ادب کا لحاظ اس کے بعد

تصوف کی جان، عرفان لامکاں کی سیر، اخلاق اور احسان کی خاص تعلیم، تسبیح، نماز، ذکر، اخلاص، خلوت و جلوت کا بیان، پھر اپنے کو تخاطب کرتے ہوئے نصیحت کے پیرائے میں تصوف کی باریکیاں بتائی ہیں۔ قطب، غوث، اوتاد ان کے فرائض اور بزرگوں کے فیوض کا ذکر ہے۔ آخر میں مناجات اور دعا ہے۔

غرض کہ صاحبان ذوق و بصیرت کے لئے یہ ایک نادر تحفہ ہے۔

عرصہ ہوا مخطوطات کی تلاش کرتے ہوئے میں بیجاپور پہنچا۔ اتفاقاً اس سلسلے میں ایک غریب شخص سے ملاقات ہوئی استفسار سے معلوم ہوا کہ اس کے اسلاف صاحب علم تھے اور وہ خود جاہل مطلق ہے۔ سواری کا پیشہ کرتا ہے۔ اس نے ایک قلمی نسخہ "مطلا، مذہب، خط شکستہ میں لکھا ہوا قیمتاً" مجھے مرحمت فرمایا۔ وہ بڑا نسخہ تھا۔ یہ نسخہ عرصہ تک میرے پاس پڑا رہا۔ میں نے بڑی محنت و کاوش سے اسے صاف کرایا اور اس کوشش میں رہا کہ حضرت مصنف شاہ نعمت اللہ صاحب کے کچھ حالات معلوم ہو جاتے تو اسے شائع کیا جاتا۔ چنانچہ کئی مشہور اور قابل حضرات سے رجوع کیا لیکن کامیاب نہ ہو سکا۔ آخر میں مشہور و معروف ادیب ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور سے حیدرآباد میں ملا اور اس کا تذکرہ کیا۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے حد درجہ کرم فرمایا اور قبل اس کے کہ شاہ صاحب موصوف کے حالات بتاتے مجھے اپنے ہمراہ لے کر حضرت شاہ صاحب کے مزار کی زیارت کرائی اور چند چند حالات بھی بتائے۔ چنانچہ یہ کل حالات انھیں کے رشحات قلم کا نتیجہ ہیں جس کے لئے میں ان کا بے حد شکر گزار ہوں۔ میں یوں بھی ڈاکٹر صاحب کے گوناگوں احسانات کا زیر بار ہوں، اور صدق دل سے خدائے تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ خدا انھیں جزائے خیر مرحمت فرمائے۔ یہ بھی عرض کرنا ضروری ہے کہ اس مثنوی کی اشاعت کے انتظام کا سہرا بھی آپ ہی کے سر ہے۔ ہم سب آپ کے اس بار کرم سے سبکدوش نہیں ہو سکتے۔ فجزاہم اللہ خیراً۔

کتاب گنج طلسم

تصنیف

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی قدس سرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گنج گشائے سبحان

سبحان کی تعریف کا مخفی خزانہ

اے دادہ تجسم آدمی جان — گنجے بہ طلسم تن دہ پنہان

اے وہ ذات جس نے آدمی کے جسم میں — جان ڈال کر طلسم کا ایک خزانہ پوشیدہ کر دیا

زیں گنج بہ جسم تا رسیدہ — حیران شدہ در طلسم دیدہ

تالائق جسم میں (اس خزانے کے طلسم) گنج طلسم — کو دیکھ کر دیدہ (آنکھ) حیران ہو گیا

آں دم کہ طلسم برکشاید — ایں گنج نہفتہ وا نماید

جس وقت طلسم کھل جائے گا — یہ پوشیدہ خزانہ ظاہر ہو جائے گا

تعلیم سخن بہ طوطی جان

طوطی جان کو سخن کی تعلیم

اے طوطی خوش نوا سخن سنج — بردار طلسم خویش از گنج

اے خوش آواز، سخن سنج طوطی — اپنا طلسم، خزانے سے اٹھا لے

روشن نفس درون کشائی — بیرون ز قفس چرا نیائی

تو روشن نفس اور صاحب دل ہے — پنجرے سے باہر کیوں نہیں آتی

اے سبز لباس سرخ منقار — بکشائے زبان دل بگفتار

اے سبز لباس، لال چونچ والی — زبان دل سے کلام کر

در آئینہ نقش خویش دیدی — با صورت خویش آرمیدی

آئینہ میں تو نے اپنا نقش دیکھا — اپنی صورت سے آرام حاصل کیا

پنداشتہ کہ ہم زبان است — نے نے غلطی کہ ایں نہ آنست

تو نے جانا کہ وہ ہم زبان ہے — نہیں نہیں تو نے غلطی کی، یہ وہ نہیں ہے

آمد چو نسیم غنچہ وا شد بویش بدماغ آشنا شد
جب نسیم چلی اور کلی چٹکی اس کی خوشبو، ان کے دماغ میں پہنچی

پرداز گل و گلاب کردہ واں سوختہ را کباب کردہ
انھوں نے گل و گلاب بھی پرداز کی اور اس سوختہ کو کباب کر دیا

ن بردہ زنگ گل بہیچ

بلبل بہزار حسرت و رشک در دیدۂ او گلاب شد اشک
بلبل، ہزار حسرت اور رشک سے اس کی آنکھوں میں آنسو گلاب ہو گیا

ہر گل کہ دریں چمن شگفتہ از دیدۂ بلبلاں نہفتہ
جو پھول کہ اس چمن میں کھلا بلبلوں کی نظر سے پوشیدہ ہے

گر دیدہ بآں چمن کشائی اینجا بہوس دگر نیائی
اگر اس چمن میں تو آنکھ کھولے تو اس جگہ (دنیا) دوسری لالچ میں نہ آئے

ہنگام بہار بگذرد تیز مے نوش و طرب فزائے و گلریز
بہار کا زمانہ تیزی سے گذر جائے گا شراب پی، عیش کر اور پھول لٹا

دل تنگ بخانہ می نشینی صحرائے فراخ چوں نہ بینی
دل تنگ ہو کر گھر میں تو بیٹھی ہے جیسے تو وسیع جنگل نہیں دیکھتی ہے

گل خندہ زناں دہن کشادہ نرگس بکرشمہ بار دادہ
پھول ہنستے ہوئے، منہ کھولے ہوئے ہیں نرگس، ناز و ادا کو بار دیئے ہوئے ہے

سر سبز ستادہ سرو دل جوئے کوکو زدہ فاختہ زہر سوئے
سرو، دل جو سرسبز کھڑا ہوا ہے ہر طرف سے فاختہ کوکو کی آواز نکال رہی ہے

ہر کس بہوائے خویش زد گام آرام گرفتہ با دل آرام
ہر شخص نے اپنی خواہش کے موافق قدم بڑھایا اپنے دل آرام (محبوب) سے آرام حاصل کیا

تو بر سر خاک تیرہ ماندی تاریک شدی و خیرہ ماندی
تو زمیں پر میلی کچیلی دھندلی اور سست پڑی ہوئی ہے

گر ہست ترا ہوائے گلزار رو دیدۂ باغباں بدست آر
اگر تجھے گلزار کی خواہش ہے جا اور مالی کا دل اپنے ہاتھ میں لے

بینائی چشم نعت احمدؐ

آں دیدہ کہ رہ برد بمنزل زیں چشم دل است و صاحب دل
جو دیدہ (آنکھ) کہ منزل تک پہنچا دے وہ یہی چشم دل ہے اور صاحب دل

ن آں

گلہائے چمن زخندۂ اوست رضواں و بہشت بندۂ اوست
چمن کے پھول اس کی ہنسی سے ہیں رضواں اور بہشت اس کے غلام ہیں

حوراں دو رویہ صف کشیدہ　　چشمش ز حیا درو ندیدہ
حوریں دونوں جانب صف بستہ ہیں　　اس کی آنکھ شرم سے انھیں نہیں دیکھتی ہے
ابروش کشودہ قاب قوسین　　دیدہ بدو دیدہ عین در عین
اس کی ابرو قاب و قوسین سے ظاہر کی گئی ہے　　دونوں آنکھوں سے دیکھ کر آمنے سامنے
یارانِ گزینِ او بہم یار　　ہر چار یکے و ہر یکے چار
اس کے برگزیدہ دوست آپس میں یار ہیں　　چاروں ایک ہیں اور ہر ایک چار ہیں
دانا دل و حق گزین و خوش خوی　　خنداں لب و تازہ عیش و خوش روئے
وہ دانا دل، حق اختیار کرنے والے، خوش خو　　خنداں لب، تازہ عیش اور خوبصورت ہیں

نورِ دل تابع محمدؐ

ہر جسم گزیں کہ جانِ قوم است　　مانند نبی میانِ قوم است
ہر برگزیدہ جسم جو کہ قوم کی جان ہے　　وہ قوم میں نبی کی طرح ہے
روشن روِ شے کہ پیرو اوست　　مانند دو مغزیں و یک پوست
جو عقلمند کہ اس کا تابع ہے　　اسے ایک چھلکے میں دو مغزوں کی طرح سمجھ
طے کردہ رہِ زمین و افلاک　　ز آلائشِ جسم جانِ او پاک
زمین و آسمانوں کا راستہ طے کئے ہوئے　　جسم کی آلائش سے اس کی جان پاک ہے
ہر ذرہ کہ مہرِ او گزیند　　با ماہِ فلک قریں نشیند
جو ذرہ کہ اس کی محبت اختیار کرتا ہے　　وہ آسمان کے چاند کے پاس بیٹھتا ہے
پائے رہِ ششش بگِل نماند　　کو دست بدست میرساند
اس کے چلنے کا پیر کیچڑ و مٹی سے محتاج نہیں رہتا　　کہ وہ ہاتھوں ہاتھ اسے پہنچاتا ہے

تعلیم نگارِ نقشِ صیاد

اے باز ز صید دیدہ بر بند　　تا طعمہ دہد ترا خداوند
اے باز! شکار سے باز آ　　تاکہ خدا تعالیٰ تجھے غذا دے
یک کبکِ دری ترا زبون است　　در گردنِ تو ہزار خون است
ایک پہاڑی چکور تیرے لئے بُرا ہے　　تیری گردن پر ہزار خون ہیں
مرغابیِ بحر غوطہ خوردہ　　از دستِ تو جاں بدر نبردہ
سمندر کی مرغابی غوطہ لگا کر　　تیرے ہاتھ سے جان سلامت نہ لے گئی
دُرّاج ز بیمِ تو بنالد　　تیہو سرِ خود بخاک مالد
تیتر تیرے خوف سے روتا ہے　　تیہو اپنا سر مٹی میں ملتا ہے

گر دیدۂ تیز بین کشائی
از وحشت خودکشی رہائی

اگر تو اپنی تیز بین آنکھ کھولے
تو تو اپنی وحشت سے رہائی پائے

شد اللہ دست شاہ گردی
جان پرور دین پناہ گردی

بادشاہ کے ہاتھ پر بیٹھنے کے لائق ہو جائے
جان پالنے والا اور دین کا محافظ ہو جائے

بر بستر او کنی نشیمن
فارغ ز ہزار دوست و دشمن

اس کے بستر پر بسیرا لے
ہزار دوست اور دشمن سے مطمئن ہو جائے

ایمن منشین درین گذرگاہ
کوہیست نہفتہ زیر ہر کاہ

اس گذرگاہ (دنیا) میں بے خطر نہ بیٹھ
ہر گھاس کے نیچے ایک پہاڑ پوشیدہ ہے

تعویذ فسون مار بیداد

ظالم سانپ کے مکر و فریب سے حفاظت

ہر چند کہ نفس تو نزار است
ماریست کہ بستۂ فسون است

اگرچہ تیرا نفس نزار ہے
وہ ایک جادو میں بندھا ہوا سانپ ہے

زافسون چو گہی دہن کشاید
ترسم کہ دل ترا گزاید

مکر و فریب سے کبھی منہ کھولتا ہے
میں ڈرتا ہوں کہ تیرا دل ڈس لے

آن سرور عارفان خدا دوست
بیرون شدہ ہمچو مار از پوست

وہ عارفوں کا سردار خدا دوست
باہر نکل آیا جیسے سانپ کینچلی سے

سی سال کشید محنت و رنج
تا مار برآمد از سر گنج

تیس سال، مشقت و تکلیف برداشت کی
حتیٰ کہ سانپ خزانے پر سے ہٹ گیا

چون دید بچشم در آخر کار
بر گنج نشستہ بود آن مار

آخر کار جب اس نے اچھی طرح دیکھا
تو خزانے پر وہ سانپ بیٹھا تھا

دائم چو مار ہم نشین است
ہر جا کہ روی تو در کمین است

ہمیشہ سانپ تیرا ہم نشین ہے
جہاں تو جاتا ہے وہ تیری تاک میں ہے

چون بگذری از بلند و پستی
شکرانہ بگو بدہ کہ رستی

جیسے اونچ نیچ سے تو گزر جائے
شکریہ ادا کر چونکہ رہائی پائی

طراری نفس حیلت آئین

نفس مکار کی تنبیہ زبانی

این دزد سیہ کہ تیرہ پوش است
با دیدہ نظر عقل و ہوش است

یہ کالا چور جو کہ زندگی کو پوشیدہ کرنے والا ہے
حقیقت میں اس کی نظر عقل و ہوش پر ہے

با مردِ خرد فسونِ دانا — با رائے زنِ قوی توانا
وہ خردمند کے ساتھ مکار عقلمند ہے — رائے زن (مدبّر) کے ساتھ قوی طاقتور ہے

در علمِ مُدرّسِ زمانہ — در زہد حدیثِ زاہدانہ
علم میں زمانے کا معلم ہے — زہد و عبادت میں زاہدانہ حدیث ہے

در ہندسہ شکلہائے موزون — تحریر کنندۂ دورِ گردون
علم ہندسہ میں موزوں و مناسب شکلیں — زمانے (دورِ گردوں) کی بناتا ہے

منطق ہمہ اصطلاحِ او دان — حکمت بزبانِ او فرو خوان
علم منطق سارا کا سارا اس کی اصطلاح جان — علم حکمت کو اس کی زبان پر حقیر جان

یک نکتہ ز فکرِ او اشارت — یک حرف زِ فنِ او عبارت
اس کی فکر کا ایک نکتہ اشارت ہے — اس کے علم و فن کا ایک حرف پوری عبارت ہے

در علمِ سلوک رہنمون است — صفوت زِ تصوفش بروں است
علم سلوک میں رہنما ہے — صوفیت (صفوت پاکیزگی) اس کے تصوف سے بالاتر

در علمِ مغالطات آگاہ — از چرخ کند چو دلو در چاہ
علم مغالطات میں خبردار ہے — آسمان سے ایسا معاملہ کرتا ہے جیسے ڈول کنوئیں میں

ایمن مشو از مطالعِ او — آگاہ شو از طوالعِ او
اس کی مطالع[1] سے بے خوف نہ ہو — اس کی روشنیوں سے آگاہی حاصل کر

او جملہ مقاصدِ تو داند — در شرحِ مواقفش نماند
وہ تیرے سب مقاصد جانتا ہے — جو شرح[2] مواقف میں نہیں ہیں

مغرور مشو بہ نکتہ دانی — مشغول کنش اگر توانی
نکتہ دانی سے مغرور نہ ہو — اسے اپنے ساتھ مصروف رکھ اگر ہو سکے

ارشادِ دلِ حقیقت آئیں

حقیقت آئین دل کا ارشاد (سیدھی راہ دکھانا)

روئے دل خود ز بہرہ یابی — از خدمتِ دوستاں متابی
اپنے دل سے بہرہ یاب ہو تو — تو دوستوں کی خدمت سے سرتابی نہ کر

چوں خدمتِ تو گزیدہ گردد — شغلت بحق آرسیدہ گردد
جب تیری خدمت پسندیدہ ہو جائے گی — تو خدا کے ساتھ تیری مصروفیت مطمئن ہو جائے گی

بے باک مرو ادب نگہدار — تا گلِ دیگرت سناں ہر خار
بے دھڑک نہ چل، ادب ملحوظ رکھ — تاکہ ہر خار کی نوک تجھے پھول دے

---

[1] علم منطق کی ایک کتاب۔
[2] شرح مواقف۔ علم کلام کی ایک کتاب۔

پیوستہ طہارتِ بروں کن — آہنگِ صفائے اندروں کن
ہمیشہ ظاہری پاکی اختیار کر — دوسرا باطنی صفائی کا قصد کر

بے نیتِ خاص ہر عبادت — در عام بود برسم و عادت
ہر عبادت بغیر کسی خاص نیت کے کر (نہیں ہوتی) — اگرچہ رسم و عادات کے موافق یہ عام ہے

چوں خوے طبیعتت نماند — جبریل ترا فرشتہ خواند
جب تیری طبیعت میں خو (عادت) باقی نہ رہے گی — تو جبریلؑ تجھے فرشتہ کہے گا

ہمت چو بلند شد ز پستی — بر سدرہ نشیں بہوش و مستی
جب پستی سے (تیری) ہمت بلند ہو گئی — تو ہوش (عقل) اور مستی کے ساتھ سدرۃ المنتہیٰ پر بیٹھ

ہر جا کہ رسی مگیر آرام — بردار نصیب و بیش نہ گام ن
جس جگہ تو پہنچے آرام نہ لے — اپنا حصہ لے اور قدم آگے رکھ

معراج بلا مکان عرفاں

لامکانِ عرفاں کی سیڑھی

اے سدرہ نشین عرش پیمائے — جائے تو بروں شدہ است از جائے
اے سدرہ نشین (سدرۃ المنتہیٰ پر بیٹھنے والے) اور اے عرش پیما — تیرا مرتبہ جگہ سے بالاتر ہے

ایں کہنہ رباط را رہا کن — ہنگام دِرَو شدہ دعا کن
اس پرانے مسافر خانے کو چھوڑ — کھیت کاٹنے کا وقت ہو گیا، دعا کر

زیں چار گہر کہ یک مزاج است — در عالمِ رنگ و بو رواج است
یہ چار عنصر (گہر: موتی) جو ایک مزاج ہیں — اس عالم رنگ و بو (دنیا) میں رائج ہیں

بر عاشقِ آں جہانِ یک رنگ — صحرائے فراخ ایں جہاں تنگ
اُس جہانِ یک رنگ (جہانِ آخرت) کے عاشق پر — اس جہان (دنیا) کا وسیع جنگل تنگ ہے

ایوانِ فلک نہ پایۂ تست — نُہ چرخ بزیر سایۂ تست
فلک کا محل تیرے مرتبہ کا نہیں ہے — تو (نو) آسمان تیرے زیر سایہ ہیں

ہیہات کہ قدر خود ندانی — بر روئے زمیں چہ آسمانی
افسوس تو اپنی قدر روئے زمیں پر نہیں جانتا ہے — کس قدر بلند ہے تو

پیری و ہنوز طفل ہوشی — افسوس کنی اگر نکوشی
تو بوڑھا ہو گیا اور ابتک لڑکوں جیسی عقل رکھتا ہے — اگر کوشش نہ کرے گا تو افسوس کریگا

برنا و قوی و چست پائی — از مہد زمیں بروں نیائی
جوانمرد، قوی اور تیز قدم ہے تو — زمیں کے بستر سے باہر نہیں آتا ہے

ن بردار بقصدِ بیشتر گام۔

گہ تیغ کشی و گہ کماں را — انداختہ گیر پہلواں را
کبھی تو تلوار چلاتا ہے اور کبھی کماں — تو پہلوان کو پچھاڑنے والا ہے

خصم تو چو پہلواں نشستہ — تو گردنِ پہلواں شکستہ
تیرا دشمن پہلوان کی طرح بیٹھا ہے — تو نے پہلوان کی گردن توڑ دی ہے

در پہلوے تست خصم پنہاں — تو کردہ تنِ حریف بے جاں
تیرے پہلو میں دشمن چھپا ہے — تو نے دشمن کا جسم بے جان کر دیا ہے

از زور بر آر سر بزاری — باشد کہ سرش بپا در آری
اگر نالہ و زاری میں زور دکھائے تو سر اٹھائے — تو ممکن ہے کہ اس کے سر کو کچل دے

تا پنجہ بحق قوی نگردد — از زورِ تو ایں غوی نگردد
جب تک تیرا رشتہ (پنجہ) خدا کے ساتھ قوی نہ ہو جائے گا — تیری طاقت سے یہ گمراہ (غوی) نہ بھاگے گا

خاصیت کیمیاے احساں

کیمیائے احساں کی خاصیت

باہر کہ کنی بدل مدارا — چوں موم شود ز سنگ خارا
جس کی دل سے تو خاطر کرے گا — وہ موم کی طرح ہو جائے گا سخت پتھر سے

یک لطف اگر کنی باحساں — صد بندہ ترا شود بفرماں
اگر احسان سے ایک مہربانی تو کرے گا — تو سو بندے (غلام) تیرے حکم پر چلیں گے

گر لقمہ نہی بحلقِ دشمن — شمشیر ترا نہد بگردن
اگر دشمن کے حلق میں تو ایک لقمہ رکھے گا — تو تیری تلوار، اپنی گردن پر رکھے گا

پیشانیٔ پیل اگر بخاری — بر گردنِ او کنی سواری
ہاتھی کی پیشانی اگر تو کھجلائے گا (یعنی آنکس لگائے گا) — تو اس کی گردن پر تو سواری کرے گا

گر پنجہ بہ پشتِ شیر مالی — پیشِ تو کند بجاں شغالی
اگر شیر کی پیٹھ میں تو پنجہ گاڑ دے گا — تو تیری وہ دل سے (لومڑی کی طرح) خوشامد کرے گا

ویں نفسِ خسیسِ تو ز کفراں — گردن کشد از کمندِ احساں
اور تیرا یہ کمینہ نفس، نافرمانی کی وجہ سے — احسان کی کمند سے گردن کشی (اعراض) کرتا ہے

سر باز زند چو سر بر آری — آں بہ کہ بطاعتش گذاری
پھر وہ گردن مارے گا جب تو سر اٹھائے گا — یہی بہتر ہے کہ اس کو اطاعت میں لگائے رکھ

تسبیح و نماز و ذکر و اخلاص

اخلاص گزیں نیاز پیش آر — تسبیح ہزار دانہ بگذار
خلوص اختیار کر، اظہارِ محبت سے پیش آ — ہزار دانے کی تسبیح (ہزارہ) چھوڑ دے

گنج طلسم (مثنوی) از شاہ نعیم الدین نعمت اللہ ولی

مرتبہ و مترجمہ ایم حفیظ سید

پشمینہ کلہ نمد بسر نہ
اونی کپڑا (موٹا کپڑا) پہن نمدے کی ٹوپی سر پر رکھ
دستار گراں سنگ ز سر نہ
گراں قیمت (اونچی) پگڑی سر سے اتار

آرائش ریش و شانہ کردن
داڑھی کی آرائش اور کنگھا کرنا
سنت نبود بہانہ کردن
سنت نہیں ہے، بہانہ (حیلہ) ہے

در دیدہ بہ سرمہ میل کردی
آنکھ (دیدہ) میں سرمے کی سلائی کی تو نے
از گریہ چرا نہ نیل کردی
گریہ و زاری سے کیوں نیلی نہیں کی

از دیدن ہرچہ کبر زاید
جس چیز کے دیکھنے سے گھمنڈ پیدا ہوتا ہے
آں بہ کہ بچشم تو نیاید
اچھا ہے کہ وہ تیری آنکھ میں نہ آئے

کوتاہ امل و دراز غم باش
کوتہ امید، دراز غم (بہت غمگین) رہ
تا راز نہاں ترا شود فاش
تاکہ پوشیدہ بھید تجھ پر فاش ہو جائے

در گوشہ اگر تو خود نشینی
گوشے میں اگر تو تنہا بیٹھے
انوار خدا درو ببینی
تو خدا کے انوار اس میں تو دیکھے

بیت المعمور خلوت خاص

خلوت چہ بود ز خویش رستن
خلوت کیا ہے؟ خودی سے نجات پانا (اپنے سے چھوٹنا)
نے حجرہ بروے خلق بستن
نہ حجرہ (عبادت کی کوٹھری) لوگوں پر بند کرنا

فارغ دل و سادہ لوح بودن
بے فکر اور سیدھا سادا بھولا بھالا ہونا
زنگ دل خویشتن زدودن
اپنے دل کا زنگ (میل) چھڑانا

از ہستی خود کنارہ کردن
اپنی ہستی (وجود: زندگی) سے علیحدہ ہونا
در عالم جاں نظارہ کردن
عالم روح (جان) میں نظر کرنا

چوں در دل تو گذر کند غیر
جب تیرے دل میں غیر (ماسوا اللہ) گذر کرے
آں حجرہ شود بمنزل دیر
تو وہ حجرہ دیر (بتخانے) کی جگہ پر ہے

گر ہست ترا ورائے آں کار
اگر تجھے اس کے سوا (خدا کے سوا) کوئی کام ہے
شد سینۂ تو دکان و بازار
تو تیرا سینہ دکان اور بازار ہے

اے چلہ نشیں کماں نگشتی
اے چلہ میں بیٹھنے والے زاہد کماں نہ ہوگیا تو
تیرے نزدی نشاں نگشتی
کوئی تیر تو نے نہیں مارا نشانہ ہوگیا تو

پیکان غمش بدل نخوردی
تو نے اس کے غم کا تیر دل میں نہیں کھایا
در گور شدی و لے نمردی
قبر میں ہوگیا (مرگیا) اور لیکن نہیں مرا تو (حقیقت میں مردہ، بظاہر زندہ)

بیروں نشدی ز خود نمائی
تو خود نمائی (ریاکاری) سے باہر نہیں ہوا (یعنی تو نے ریاکاری نہیں چھوڑی)
چوں در صف عاشقاں درآئی
جب تو عاشقوں کی صف میں داخل ہوا

زاں پیش کہ سے بے نوا بمیری — از گوشہ بیا بہ توشہ گیری
اس سے پہلے کہ تو بے کسی کی موت مرے — گوشے سے توشہ گیری (سامان آخرت) میں آ

خورشید عاشقاں تمامی

تمامی عاشقوں کی چمک

زادِ رہِ عاشقاں غم اوست — یک روئی و یکدلی و یک دوست
اس کا غم عاشقوں کا زاد راہ ہے — یکجہتی، یک دلی اور یک دوستی ہے
انداختہ بارِ خاطر از دوش — جز یاد خدا ہمہ فراموش
دوش (کاندھا) سے بار خاطر پھینک کر — خدا کی یاد کے سوا سب بھول جا
از خوانِ ابیتُ سیر گشتہ[1] — بے گرسنگی دلیر گشتہ[1]
ابیتُ (انکار کیا میں نے) کے خوان سے سیر ہو کر — بھوک پر دلیر ہو کر
ز آغاز وجود تا بانجام — دیدند جہاں دانہ و دام
ابتدائے آفرینش سے آخر تک — دنیا دانہ و دام (دانہ جال) معلوم ہوتی ہے
یک روز بود جہانِ فانی — در جنبِ جہانِ جاودانی
ایک روز یہ جہانِ فانی (دنیا) — جہانِ جاودانی (آخرت) کے پہلو میں ہوگا
روشن شدہ از نگاہِ ایں قوم — آں نیز پے صلوٰۃ یا صوم[2]
اس قوم (اہل اسلام) کی حفاظت سے روشن ہو گیا — وہ بھی نماز یا روزے کی وجہ سے

ن گشتی
ن گشتی
ن صوم

سرمایۂ فیض اسم سامی

اسم سامی کا سرمایۂ فیض

نعمت کہ بود یکے از ایشاں — مجموع نشستہ و پریشاں
نعمت جو کہ ان میں سے ایک ہے — مطمئن بیٹھا ہے اور پریشان
بسیار جفائے چرخ دیدہ — در گردشِ خود کم آرمیدہ
آسمان کی جفائیں بہت دیکھی ہیں — اپنی گردش (چکر چلنا پھرنا) میں کم آرام کیا ہے
لب بستہ و دیدہ ہا کشادہ — از حیرتِ خود خبر نہ دادہ
لب بستہ ہیں اور آنکھیں کھلی ہوئی — اپنی حیرت (تحیر) کی اسے خبر نہیں ہے
امروز مگر زیادہ شد مست — کایں رازِ نہاد بر کفِ دست
آج شاید زیادہ مست ہو گیا ہے — کہ اس بھید کو اس نے ظاہر کر دیا
اے خامۂ نقشبند[3] پرکار — اے پیکرِ دل نشیں نگہدار
اے نقاش اور اپنے کام میں ہوشیار قلم — اے دل نشیں صورت، خیال رکھ

نقشبند

از صورت ایں خیال بگذر — تا بگذرد ایں خیالت از سر
اس خیال کی صورت سے گزر جا — تاکہ تیرا یہ خیال سر سے نکل جائے
در پردہ کشائے نقش ایں راہ — تا آگاہ شود ازو دل آگاہ
اس راستہ کے نقشوں کو در پردہ فاش کر — تاکہ اس سے دل آگاہ (بیدار مغز) خبردار ہو جائے
راہ دگر است ایں گدا را — ذوقیست سماع آشنا را
اس فقیر کی راہ دوسری ہے — عارف (آشنا) کے سنانے کا ذوق ہے
طرز دگر است ایں سخن را — راز تو نشاید انجمن را
اس بات کا دوسرا طرز ہے — تیرا راز مجلس (انجمن) کے لائق نہیں ہے
بکشائے نفس کہ مے بسوزی — صحرائے وجود وے بسوزی
سانس کھینچ کہ جلا دے — اس کے وجود کے جنگل کو جلا دے
اے خامہ پختہ سوز قاصی — کز آتش دل زباں تمامی
اے پختہ سوز (جلن میں پختہ) قلم، تو خام ہے — کہ تیری زبان سرتا سر (بالکل) آتش دل ہے
گرد آر زبان و لب فرو بند — پروانۂ عشق و مشعلے چند
زبان کو قابو میں رکھ اور لب بند کر — عشق کا ایک پروانہ اور کچھ شمعیں
مشکیں نفسے بر آر از سر — گر خون دل است نافۂ تر
مشک آلودہ سانس سر سے نکال — اگر نافۂ تر، دل کا خون ہے
برگو سخنے کہ گفتن ارزد — تا فہم سخن دراں بلرزد
بات کہہ، کہ کہنا ہی مناسب ہے — تاکہ سخنوروں کی عقل کانپ اٹھے

فیروزئ طالع خدا داد

خدا داد تعیبے کی کامیابی

اقبال کسے کہ رہنموں شد — زیں منزل آتشیں بروں شد
جس کا اقبال رہ نما ہوا — اس آتشیں منزل سے باہر ہوا
بربست کمر کشاد دل را — بر خاک نہاد آب و گل را
اس نے کمر باندھی اور دل کھولا — زمین پر مٹی اور پانی (جسم) کو رکھ دیا
بگذاشت ہوا چو باد و بگذشت — شد کوہ بزیر پائے او پست
اپنی خواہش ہوا کی طرح چھوڑ دی اور گزر گیا — پہاڑ (کوہ) اس کے پاؤں تلے پست ہو گیا
صحرائے فراغ* دید در پیش — دل تنگ نشد ز غربت خویش
اطمینان کا جنگل سامنے دیکھا — اپنی مسافرت سے دل تنگ نہ ہوا
رازے کہ ز مرداں شنیدہ — تا چشم نہد بدیدہ دیدہ
جو راز کہ اس نے لوگوں سے سنے — پلک جھپکنے میں دیکھ لئے

